پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ

PRESS RELEASE

Dear Sir,

We shall appreciate if you will kindly publish/release the under-mentioned 'Press Release' in the next issue/bulletin of your esteemed News Papers/TV Channel.

Thanking you,

Yours faithfully,

Saeed Ahmed Soomro
Manager Public Relations

****

کراچی (منگل، 16 اگست 2016) پاکستان اسٹاک ایکس چینج کی جانب سے 40 فی صد حصص فروخت کرنے کے لیے دیے جانے والے اظہار دلچسپی کے نوٹس پر غیر ملکی اور ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے پی ایس ایکس کے شیئرز خریدنے کے لیے زبردست دلچسپی دیکھی جا رہی ہے اور مقررہ مدت کے دوران پی ایس ایکس کو 17 غیر ملکی اور ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے اظہار دلچسپی موصول ہو گئے ہیں،، اسٹاک ایکس چینج (کارپوریٹائزیشن، ڈی میوچلائزیشن اینڈ انٹیگریشن) ریگولیشنز 2012 پر عملدرآمد کرتے ہوئے ایس ای سی پی نے فروری 2016 میں پی ایس ایکس کی ڈائیوسٹمنٹ کمیٹی قائم کی تھی جس کے ذمے پی ایس ایکس کے 40 فی صد حصص ملکی یا غیر ملکی سرمایہ کاروں کو فروخت کرنے کے عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا، یہ تمام حصص یا ان کو کوئی حصہ اسٹریٹیجک انویسٹر کو دیا جانا تھا یا اس کے متبادل کے طور پر کم از کم 25 فی صد حصص ایسے مالیاتی ادارے کو دیا جائے گا جو اینکر انوسٹر کا کردار ادا کرنے کیلئے رضا مند ہو جبکہ باقی مانندہ حصہ دیگر مالیاتی اداروں کو دیا جائے گا، جہاں باقی منتخب مالیاتی ادارے 5% فیصد تک کی سرمایہ کاری کر سکیں گے، کمیٹی نے طویل غور و خوص اور ایپکس ریگولیٹر ایس ای سی پی کے ساتھ مشاورت کے بعد 31 مئی 2016 کو غیر ملکی و ملکی اخبارات اور ڈیجیٹل شماروں میں ایک ساتھ اظہار دلچسپی کا نوٹس جمع کرانے کیلئے مدعو کیا اور ساتھ ہی پی ایس ایکس کی ویب سائیٹ پر بھی جاری کر دیا گیا، ابتدائی طور پر اس نوٹس کے جواب میں اظہار دلچسپی جمع کرانے کی مدت اشتہار کی اشاعت سے 30 دن تک مقرر کی گئی تھی بعد ازاں اس میں 15 اگست تک توسیع کر دی گئی تھی۔ اس دوران ڈائیوسٹمنٹ کمیٹی اور پی ایس ایکس کی انتظامیہ حصص کے فروخت کے عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے سرگرم رہے اور اس سلسلے میں چین، یو ایس اے اور یو کے میں متوقع انویسٹرز سے ملاقاتیں کی گئیں، اس سرگرم مہم کے نتیجے میں گزشتہ روز تک جو کہ اظہار دلچسپی جمع کرانے کی آخری تاریخ تھی پی ایس ایکس کو 17 غیر ملکی و ملکی انویسٹرز کی جانب سے اظہار دلچسپی موصول ہو چکے ہیں، یہ انویسٹرز اسٹریٹجک انویسٹر، اینکر انویسٹر اور فنانشل انسٹی ٹیوش کی حیثیت سے درخواست دے چکے ہیں، اگلے مرحلے میں ڈائیوسٹمنٹ کمیٹی موصول ہونے والے اظہار دلچسپی کا جائزہ لے گی اور اپنی تبصرے کے ساتھ پری کوالیفکیشن کے لیے ان کو ایس ای سی پی کو بھیج دے گی، ایس ای سی پی ان اظہار دلچسپی کی درخواستوں کا اپنے طور پر جائزہ لینے کے بعد ان میں سے کچھ یا تمام کو پی ایس ایکس کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے اہل قرار دے گی۔ اس جائزہ کی بنیاد پر اہل سرمایہ کار کو قواعد و ضوابط کے مطابق اپنی پیشکش جمع کرواسکیں گے۔

ایڈمن بلاک، اسٹاک ایکس چینج بلڈنگ
اسٹاک ایکس چینج روڈ، کراچی